میں مدیر اعلیٰ کے نام کے نیچے ایک مسلسل نمبر بھی شائع ہوگا، جس سے قارئین کو محدث کا ریکارڈ رکھنے میں آسانی رہے گی جلد کے تحت شائع ہونے والے عدد نمبر میں تو ایسا بھی ہوتا ہے کہ بعض اوقات ایک شمارہ میں زیادہ اَعداد جمع ہوجاتے ہیں جب کہ اس تسلسل نمبر کے تحت ہر شمارے کو ایک ہی نمبر دیا جائے گا اس سے قارئین کو یہ اندازہ کرنے میں مدد ملے گی کہ محدث کے شائع شدہ تمام شمارہ جات انہیں موصول ہوئے ہیں یا نہیں؟

دسمبر ۱۹۷۰ء میں محدث کا پہلا شمارہ 'نمبر۱' سے شروع کر کے آج تک تمام شمارہ جات کو مخصوص نمبر الاٹ کر دیا گیا ہے جس کی رو سے اپریل کا تازہ شمارہ '۲۶۸' نمبر قرار پایا ہے۔ ۲۶۸ نمبر شمارہ کا مطلب یہ ہے کہ آج تک محدث کے اتنے شمارے شائع ہو چکے ہیں جس میں تمام خصوصی اشاعتیں اور مختصر شمارے بھی شامل ہیں۔ جن حضرات کو سابقہ محدث کا ریکارڈ رکھنے میں مشکل پیش آتی ہو، وہ سابقہ شماروں کی فہرست اِدارۂ محدث سے طلب کر سکتے ہیں یا اِسے محدث کی ویب سائٹ www.isslam.com یا www.muhaddis.net پر ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

یہ ۲۶۸ شمارے اِدارۂ محدث میں جہاں دستیاب ہیں، وہاں ان سب کو ایک سی ڈی میں بھی عنقریب پیش کیا جا رہا ہے جس کا نصف کام مکمل ہو چکا ہے۔ محدث کے سابقہ سالوں کی جلدیں بھی تیار حالت میں موجود ہیں، بالخصوص آخری چند سالوں کو ریکسین جلد میں دیدہ زیب انداز میں بھی تیار کیا گیا ہے۔ ایک جلد کی قیمت ۲۲۰ روپے بھجوا کر یہ جلدیں منگوائی جاسکتی ہیں۔

(۴) محدث کی چار سالہ 'سی ڈی': جنوری ۱۹۹۹ء (عدد ۲۲۲)؛ جب سے محدث نئی کمپوزنگ میں شائع ہو رہا ہے، سے فروری ۲۰۰۳ء (عدد ۲۶۷) کے شمارہ جات کی سی ڈی فی الحال دستیاب ہے جو شائع ہونے والے 'محدث' سے ۱۰۰ فیصد مماثل ہے۔ ان میں دو خاص نمبر یعنی سود نمبر اور فتنہ انکار حدیث نمبر بھی مکمل صورت میں موجود ہیں۔ جب کہ آخری دو سال کے شمارے انٹرنیٹ پر بھی ہر وقت 'آن لائن' ملاحظہ کیے جا سکتے ہیں۔ جو شائقین ۴ سالوں پر مشتمل محدث کی سی ڈی خریدنا چاہیں، وہ ۱۰۰ روپے منی آرڈر کر کے بذریعہ ڈاک بھی منگوا سکتے ہیں۔

(۵) دیگر رسائل کے اشاریے اور سی ڈیز: جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ ادارۂ محدث میں ہی شعبۂ رسائل وجرائد کے تحت ۷۰۰ سے زیادہ رسائل وجرائد کی فائلیں معیاری انداز میں ترتیب شدہ موجود ہیں اور ان کو مکمل بھی کیا جاتا رہتا ہے۔ ان میں سے بیسیوں علمی رسائل وجرائد کے

www.KitaboSunnat.com

مکمل اشاریے بھی تیار کیے گئے ہیں جن میں سے سہ ماہی مجلّہ 'منہاج' لاہور، ماہنامہ 'حرمین' جہلم ماہنامہ 'الاخوۃ' لاہور اور ماہنامہ 'الشریعہ' گوجرانوالہ کے اشاریئے انہی رسائل میں شائع بھی کروا دیئے گئے ہیں۔ اس طرح ماہنامہ محدث کا ۳۵ سالہ اشاریہ بھی تیار شدہ موجود ہے، جنہیں شائقین طلب کر سکتے ہیں۔محدث کے ہی نام سے بنارس، انڈیا سے شائع ہونے والا مجلّے کے اشاریہ کے علاوہ ،محدث ہی کے نام سے ۱۹۳۰ء میں دار الحدیث رحمانیہ، دہلی سے شائع ہونے والے مجلّے کے اشاریئے بھی تیار کر لیے گئے ہیں۔ان رسائل کی تمام فائلیں بھی ادارہ محدث میں دستیاب ہیں اور ۲۰ سے زائد رسائل (مثلاً ماہنامہ 'رحیق' لاہور، ماہنامہ 'الدعوۃ' لاہور، ہفت روزہ 'توحید' امرتسر/لاہور، ماہنامہ 'تعلیم الاسلام' ماموں کانجن، ماہنامہ 'ترجمان الحدیث' لاہور، ماہنامہ 'ترجمان السنۃ' لاہور، ماہنامہ 'تحقیق' پنجاب یونیورسٹی، ماہنامہ 'تعمیر انسانیت' لاہور وغیرہ) کے اشاریہ جات بھی تیار حالت میں موجود ہیں۔تحقیقی کام کرنے والے حضرات جہاں دفتر محدث میں ان سے استفادہ کرسکتے ہیں، وہاں ان کی فوٹو کاپی بھی حاصل کی جاسکتی ہے۔ان اشاریہ جات کو عنقریب محدث کی ویب سائٹ پر بھی پیش کر دیا جائے گا، ان شاء اللہ

☆ محدث کی ۳۵ سالہ فائلوں کو سی ڈی میں تیار کر لینے کے بعد دیگر اہم علمی اور تاریخی رسائل پر بھی ایسا ہی کام شروع کیا جائے گا تاکہ یہ علمی ذخیرہ جدید دور کے میڈیا میں محفوظ ہوکر بآسانی قارئین تک پہنچ سکے۔ ان مقاصد کی بحسن وخوبی تکمیل کے لیے جہاں ہمیں آپ کی دعاؤں کی ضرورت ہے، وہاں مالی وسائل کے لیے اہل خیر کو بھی اس نیک کار میں حصہ لینا چاہیے۔ یہ ہمارے علمی اور تاریخی ورثہ کی بڑی شاندار حفاظت ہوگی۔ان شاء اللہ

ہمارے علم میں آیا ہے کہ ادارۂ 'ہمدرد' کے تحت برصغیر کے بعض تاریخی جرائد مثلاً 'تہذیب الاخلاق' از سرسید احمد خاں اور اخبار 'زمیندار'، 'کامریڈ' وغیرہ کو 'فلم' کے ذریعے محفوظ کرنے کی کوششیں کی گئی ہیں لیکن اس طریقہ کے مطابق ان سے استفادۂ عام ممکن نہیں تھا۔الحمدللہ ادارۂ محدث نے اس ضمن میں سی ڈی کے استعمال کا جو تصور پیش کیا ہے، اس سے یہ مجلّات ورسائل عام قاری تک بڑی کم قیمت میں پہنچ سکتے ہیں۔اس پروگرام کے سلسلے میں ہمیں فنی مہارت رکھنے والے حضرات کا تعاون اور مشاورت بھی درکار ہے۔اللہ تعالیٰ ہمیں اسلام کی خدمت کرنے اور اسلامی علمی ورثہ کی حفاظت کی توفیق عطا فرمائیں۔آمین! ☆☆